نیوز ریلیز

البرٹا ویکسین کی چوتھی خوراک تک رسائی کو بڑھا رہا ہے

6 اپریل، 2022ء

البرٹا کووِڈ-19 ویکسین کی چوتھی خوراک اور پیکسلووِڈ (Paxlovid) علاج کیلئے اہلیت کو بڑھا رہا ہے تاکہ وہ لوگ جو شدید نتائج کے سب سے زیادہ خطرے میں ہیں ان کی حفاظت کی جا سکے۔

ہسپتال میں کووِڈ-19-مثبت مریضوں کی تعداد مستحکم ہے اور ہسپتال میں مریضوں کی کل تعداد سال کے اس وقت میں معمول پر ہے۔ تاہم، اومیکرون کا سب ویرئینٹ بی اے۔2 اب صوبے میں نئے کیسز کا تقریباً 80 فیصد بنتا ہے، جس سے منتقلی میں اضافہ اور ہسپتالوں میں داخلوں میں کچھ اضافے کا امکان ہے۔

البرٹنزکو سنگین نتائج سے بچانے میں مدد کیلئے، صوبہ کووِڈ-19 ویکسین کی چوتھی خوراک اور پیکسلووِڈ سے علاج کیلئے اہلیت میں اضافہ کر رہا ہے، اضافی کووِڈ-19 ویکسین دستیاب کر رہا ہے اور تیز رفتار ٹیسٹوں کو آسانی سے قابل رسائی بنانے کو جاری رکھے ہوئے ہے۔

چونکہ صوبہ اس منتقلی کے وقت سے گزر رہا ہے، تمام البرٹنز کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے انفرادی خطرات پر غور کریں۔ اگر انہیں یا قریبی رابطوں کو کووِڈ-19 سے سنگین نتائج کا خطرہ ہے تو صوبہ اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تجویز دیتا ہے۔

چوتھی خوراکوں کو بڑھانا

12 اپریل سے، البرٹا میں 70 سال اور اس سے زائد عمر کے تمام البرٹنز، فرسٹ نیشنز، میٹیس اور انوئٹ لوگ جن کی عمریں 65 سال یا اس سے زائد ہیں، اور اجتماعی نگہداشت میں تمام بزرگ افراد قطع نظر عمر کے ویکسین کی چوتھی خوراک لگوا سکتے ہیں۔ یہ قومی مشاورتی کمیٹی برائے امیونائزیشن (این اے سی آئی) کی ایک حالیہ سفارش کے مطابق ہے۔

ویکسینز بی اے۔2 اور بی اے۔1 دونوں کے سنگین نتائج سے مؤثر تحفظ فراہم کرتی ہیں، اور سب سے زیادہ خطرہ والے افراد کے لئے چوتھی خوراک تحفظ میں مزید اضافہ کرے گی۔

اہل افراد اپنی چوتھی خوراک بک کروا سکتے ہیں بشرطیکہ ان کو تیسری خوراک لگوائے ہوئے کم ازکم پانچ مہینے گزر چکے ہوں۔ اپوائنٹمینٹس البرٹا ویکسین بکنگ سسٹم یا 811 پر کال کرکے یا حصہ لینے والی فارمیسی کے ذریعے دستیاب ہیں۔

وہ افراد جن کو بین الاقوامی سفری اصولوں کو پورا کرنے کیلئے چوتھی خوراک کی ضرورت ہوتی ہے وہ بھی اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں، تاہم، یہ خوراکیں اس وقت طبّی طور پر تجویز نہیں کی جاتیں۔

ویکسین کے انتخاب میں اضافہ کرنا

اپریل سے البرٹا کو نووا ویکس کی نووِیکسووِڈ (Novavax’s Nuvaxovid) کی 10,000 خوراکیں وصول ہوں گی۔

نوویکسووِڈ ایک دو خوراک والی پروٹین سب یونٹ ویکسین ہے جو ایم آر این اے ٹیکنالوجی استعمال نہیں کرتی اور 18 سال اور اس سے زائد عمر والوں کیلئے منظور شدہ ہے۔ محدود سپلائی کی وجہ سے، اس ویکسین کیلئے اپوائنٹمینٹس صرف 811 پر کال کر کے بک کروائی جا سکتی ہیں۔

12 اپریل سے، چھ سے 11 سال کی عمر کے بچوں کے پاس ایم آر این اے ویکسین کا ایک اضافی آپشن بھی ہوگا۔ یہ این اے سی آئی کی حالیہ سفارشات کے مطابق ہے۔ اپوائنٹمینٹس البرٹا ویکسین بکنگ سسٹم یا 811 پر کال کرکے یا حصہ لینے والی فارمیسی کے ذریعے دستیاب ہیں۔

پیکسلووِڈ کیلئے اہلیت کو بڑھانا

6 اپریل سے، مندرجہ ذیل کو شامل کرنے کیلئے اہلیت میں توسیع کی گئی ہے:

- فرسٹ نیشنز، میٹیس اور انوئٹ لوگ جن کی عمریں 45 سال یا اس سے زائد ہیں جن کو ویکسین نہیں لگی ہوئی یا وہ ویکسین کا صرف ایک ٹیکہ لگوا چکے ہیں
- ویکسینیشن کی حیثیت سے قطع نظر، طویل مدتی نگہداشت اور نامزد معاون رہائشی ماحولیات میں رہنے والے افراد

پہلے سے اہل افراد، بشمول وہ تمام افراد جو مدافعتی نظام سے محروم ہیں، قطع نظر ویکسینیشن کی حیثیت کے، وہ اہل ہی رہتے ہیں۔

یہ علاج ان مریضوں کیلئے دستیاب ہے جن کو لیبارٹری سے تصدیق شدہ کووِڈ-19 انفیکشن ہے اگر وہ علامات شروع ہونے کے پانچ دنوں کے اندر علاج کروا سکتے ہیں۔

صحت کی نگہداشت کے نظام کی صلاحیت کو یقینی بنانا

البرٹا کی حکومت بجٹ 2022ء میں 100 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی بدولت صرف اس سال 50 مستقل، مکمل عملے والے انتہائی نگہداشت یونٹ (آئی سی یو) بستروں کا اضافہ کر رہی ہے، جو کہ موجودہ گنجائش کے مقابلے میں تقریباً 30 فیصد اضافہ ہے۔ یہ بستر البرٹا کی صحت کی نگہداشت کی صلاحیت کو وسعت دیں گے تاکہ نظام کو مغلوب ہونے سے روکا جا سکے، جو کووِڈ-19 وبائی مرض کی پچھلی لہروں کے دوران ایک بڑی تشویش تھی۔

تیز رفتار ٹیسٹوں تک رسائی حاصل کرنا

البرٹا بِلا کسی قیمت کے تیز رفتار ٹیسٹ فراہم کرنے کو جاری رکھتا ہے۔ عوام کی رسائی کیلئے 14.2 ملین سے زائد تیز رفتار ٹیسٹ فارمیسیوں اور اے ایچ ایس تشخیصی مراکز کو تقسیم کئے جا چکے ہیں۔

مقام تلاش کرنے کیلئے، alberta.ca/CovidRapidTests پر جائیں۔ ریپڈ ٹیسٹ کِٹ حاصل کرنے کیلئے البرٹا ہیلتھ کیئر کارڈ کی ضرورت نہیں ہے۔